# حجاج کرام کے لیے جامع ہدایات (پیغامات)

## 1. سعودی قوانین وانتظامات کی پابندی

- **سعودی اور پاکستانی قوانین پر عمل ضروری ہے۔**
- سیاسی یا مذہبی احتجاج سے اجتناب کریں۔
- ممنوعہ اشیا مثلاً افیون، چرس، ہیروئن اور دیگر منشیات ساتھ لے جانا سختی سے منع ہے
- **حج کے بعد واپسی کے شیڈول میں ردوبدل ممکن نہیں لہذا اس پر اصرار نہ کریں۔**
- زم زم صرف 5 لیٹر کی اجازت شدہ بوتل میں لیں، اسے سامان میں چھپا کر لے جانے سے گریز کریں۔
- رمی جمرات اور دیگر عبادات کے لیے مقررہ اوقات وترتیب کی سختی سے پیروی کریں۔
- شدید گرمی کے باعث سعودی ہدایات کے مطابق خیموں سے باہر نہ نکلیں
- بغیر اجازت مکہ، مدینہ یا جدہ سفر نہ کریں۔
- **گداگری / بھیک مانگنے کے بارے میں سعودی قوانین کی پابندی کریں۔**

## 2۔ صحت وحفاظتی احتیاطی تدابیر

- سعودی عرب میں ٹریفک دائیں جانب چلتی ہے، سڑک پار کرتے وقت خصوصی احتیاط برتیں۔
- سامان کے وزن کی مقررہ حد کا خیال رکھیں، زائد وزن لانے سے گریز کریں۔
- شدید گرمی میں سعودی ہدایات کے مطابق خیموں میں رہیں اور دھوپ میں نکلتے وقت چھتری کا استعمال لازمی کریں۔

## 3۔ عبادتی مقامات پر آداب

- حرمین شریفین میں ویڈیو گرافی اور فوٹو گرافی سے اجتناب کریں۔
- حرمین شریفین میں داخلی وخارجی راستوں کی ترتیب پر عمل کریں۔
- حجر اسود کے قریب دھکم پیل یا دھکا دہی سے گریز کریں۔
- مشاعر میں صرف اپنے مختص میٹرس پر رہیں، دوسروں کی جگہ قبضہ نہ کریں۔

### 4۔ نظم وضبط اور باہمی احترام

- ہر مقام پر حسن اخلاق، صبر اور باہمی احترام کو یقینی بنائیں۔
- لڑائی جھگڑا، بدتمیزی، قطار توڑنا یا بدنظمی سے پرہیز کریں، یہ اخلاقیات اور حج کی روح کے منافی ہے۔
- بس، ٹرین، لفٹ استعمال کرتے وقت اور تمام قطاروں میں صبر و تحمل سے اپنی باری کا انتظار کریں، دھکم پیل نہ کریں۔

### 5۔ خوراک و وسائل کا محتاط استعمال

- کھانا ضائع نہ کریں، ضرورت کے مطابق خوراک لیں اور اللہ کی نعمت کی قدر کریں۔

### 6۔ رہائش اور ٹرانسپورٹ کے قوانین کی پابندی کریں

- خودکار نظام سے ملنے والی رہائش پر رہیں۔ بس کا انتظار صبر سے کریں۔

### 7۔ شناختی کارڈ اور ایمرجنسی موبائل نمبر ساتھ رکھیں

- کسی بھی مشکل یا ایمرجنسی میں فوری رابطے کے لئے ضروری ہیں۔
- **میڈیکل سرٹیفکیٹ کی کاپی ساتھ رکھیں**

### 8. صحت اور فٹنس کی ذمہ داری

- جسمانی یا ذہنی معذوری کی صورت میں حج کی ذمہ داری آپ کی اپنی ہے۔ صحت کے بارے میں غلط بیانی قانونی کارروائی کا سبب بن سکتی ہے۔

### 9. مناسک اور حج کے احکامات جانیں

- حج پر روانگی سے قبل مناسک، احکام، رہائش اور دیگر انتظامات کے بارے میں مکمل معلومار حاصل کریں۔ تاکہ عبادت صحیح طریقے سے ادا ہو۔

### 10. ذاتی کردار و عملی تبدیلی

- حج کے بعد اپنی عملی زندگی میں مثبت تبدیلی لائیں، جھوٹ، دھوکا دہی اور خیانت سے بچیں۔

### 11. لباس و قیام گاہ کے شرعی تقاضے

- شرعی تقاضوں کے مطابق معقول لباس پہنیں۔
- **آپ ملک کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ ملکی وقار کا خیال رکھیں**
- اپنے مختص کمروں میں ہی قیام کریں، اقامہ ہولڈر رشتہ داروں کو اپنے کمرے میں ٹھہرانے سے اجتناب کریں۔